ہم فروعی اختلافات میں ایسے جکڑے گئے کہ تحقیق کی جگہ لکیر کا فقیر بن کر جمود کے شکار ہو گئے۔ زیر نظر کتاب اگرچہ سطح پر تحقیقی مقالات کی راہنمائی کے لیے لکھی گئی ہے لیکن اسلامی اصول تحقیق کے حوالہ سے ہر صاحب قلم اور تصنیف و تالیف کا جذبہ رکھنے والوں کے لیے بے حد مفید ہے اور اسلامی اصول تحقیق کا ترجمان ہے۔ (مفتی غلام الرحمن)

تثلیث فی التوحید

تالیف محمد اسلم رانا، صفحات ۸۰ پتہ۔ اسلامی مشن سنت نگر لاہور۔

ماہنامہ المذاہب شاہدرہ لاہور کے مدیر شہیر جناب محمد اسلم رانا کو قدرت کی طرف سے مسیحیت کے مطالعہ کا خصوصی ذوق ودلیعت ہوا ہے وہ مسیحیت کے محقق اور اس کے تعاقب میں علمی و مطالعاتی اور تحریری میدان میں ید طولیٰ رکھتے ہیں پیش نظر رسالہ میں انہوں نے "ایک میں تین اور تین میں ایک" کے عیسائی فلسفہ کے تار و پود کو بکھیرا اور بائبل کے حوالوں سے اس خود ساختہ فلسفہ کے بودے پن کو بے نقاب کیا اور تاریخ کی شہادتوں سے اس عقیدہ کا بدعتی اور جعلی ہونا ثابت کیا ہے۔

شمع توحید

مؤلف: حامد محمود قادری صفحات ۵۶، قیمت ۲۰ روپے، ناشر: ادارہ اصلاح خدمت انسانیت جی پی او بکس ۴۳۲۱ کراچی پوسٹ کوڈ ۷۴۰۰۰۔

شمع توحید میں فاضل مؤلف نے صاف ستھرے سلیس اور واضح انداز میں عوام الناس کو سوال و جواب کی شکل میں یہ باور کرانے کی کوشش کی ہے کہ ایمان واسلام اور توحید کی حدود کون کون سی ہیں قرآن وسنت کے ذریعہ ان مشرکانہ افعال کی نشاندہی کی گئی ہے جو مسلم معاشرہ میں اب بھی مروج ہیں جو ہر لحاظ سے کامیاب اور مستحسن کاوش ہے اللہ مؤلف کو جزائے خیر دے یقیناً قارئین بھی اس کی قدر کریں گے۔

(بقیہ صفحہ ۵۶ سے)

ان سزاؤں کو ایک بار دیکھ لینے کے بعد انسان ان کی طرف جانے کے لیے دس بار سوچے گا اس طرح ایک صاف ستھرا اور گناہوں سے پاک ماحول پیدا ہوگا اور انسان اطمینان اور سکون کی زندگی بسر کر سکے گا۔ اس بات کا کھلا مشاہدہ ہے کہ جن ملکوں میں اسلامی قوانین نافذ نہیں ہیں وہاں دن بدن جرائم بڑھتے جا رہے ہیں اور انکو روکنا اور ان پر قابو پانا مشکل بلکہ ناممکن ہو جاتا ہے اگر یہ باتیں مسلمان کی ذلت و رسوائی کا سبب ہیں تو ہرگز شریعت مطہرہ میں ایسے احکامات نازل نہیں ہوتے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بار حضرت خریم اسدی رضی اللہ تعالےٰ عنہ کے بارے میں ارشاد فرمایا:

"خریم اسدی بہت اچھا انسان ہے، کاش! اس میں فلاں فلاں کمزوریاں نہ ہوتیں"۔

(تعلیم و تربیت کے اصول س ۲۶۴ ص ۱۳)